advt2-1

24X3

ZIL LIMITED

نوٹس برائے ۵۸ واں سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ ZIL Limited کا ۵۸ واں سالانہ اجلاس عام بتاریخ ۲۶ اپریل ۲۰۱۸ء بروز جمعرات کورائل روڈیل، پلاٹ نمبر TC-V،۳۴ اسٹریٹ، خیابانِ سحر، فیز V (توسیع)، ڈی ایچ اے، کراچی، پاکستان میں صبح ٹھیک 11:00 بجے منعقد کیا جائے گا۔ اجلاس میں درج ذیل امورانجام دیئے جائیں گے۔

عمومی امور:

(۱) ۲۷ اپریل ۲۰۱۷ء کو ہونے والے سالانہ اجلاس عام کے روداد کی تصدیق اور منظوری۔

(۲) ۳۱ دسمبر ۲۰۱۷ء کو ختم شدہ مالیاتی سال کے لئے کمپنی کے آڈٹ شدہ حسابات اوراس کے حوالے سے ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، ان پر غوروخوض اور منظوری۔

(۳) مالیاتی سال ۲۰۱۷ء کے حوالے سے ڈائریکٹرز کی تجویز کردہ ساڑھے بارہ فی صد حتمی ڈیویڈنڈ کی منظوری۔

(۴) آڈیٹرز کی تقرری اوران کے معاوضے کا تعین۔

خصوصی امور:

(۵) کمپنی کے مجاز شیئر سرمائے میں اضافے کے لئے غوروخوض اور درست پانے کی صورت میں اسکی منظوری اوراس مقصد کے لئے درج ذیل قرار دادوں کی بطور خصوصی قرارداد ترمیم یا بلاترمیم منظوری دینا۔

"قرار پایا کہ کمپنی کے مجاز شیئرز سرمائے -/100,000,000 روپے (دس کروڑ روپے) منقسم ہر ایک -/10 روپے مالیت 10,000,000 عمومی شیئرز سے بڑھا کر 400,000,000 روپے (چالیس کروڑ روپے) منقسم ہر ایک 10 روپے مالیت کے 40,000,000 عمومی شیئرز کردیا جائے۔"

"مزید قرار پایا کہ اعداد -/100,000,000 (دس کروڑ) اور 10,000,000 عمومی شیئر کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق IV اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 4 کو اعداد -/400,000,000 (چالیس کروڑ) اور 40,000,000 عمومی شیئر منقسم ہر ایک 10 روپے مالیت کے، سے تبدیل کردیا جائے۔"

''مزید قرار پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور کمپنی سیکریٹری کو اختیار دیا جائے اور ذریعہ ہٰذا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ تمام ضروری اور اتفاقی اقدامات کریں اور تمام ضروری دستاویزات داخل کریں اور قانونی کارروائیاں مکمل کریں جو مذکورہ بالا قرارداد پر عمل درآمد کیلئے ضروری ہوں۔''

بحکم بورڈ

۲۱ مارچ ۲۰۱۸ء

عطاءالرحمٰن شیخ

کمپنی سیکریٹری

نوٹس:

(۱) کمپنی کے حصص کی منتقلی کی کتابیں ۲۰ اپریل ۲۰۱۸ء سے ۲۶ اپریل ۲۰۱۸ء تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔

(۲) ایسے تمام ممبران جو میٹنگ میں شرکت کرنے اور ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں اپنی جگہ کسی اور فرد کو اپنے نمائندے کے طور پر اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے مقرر کر سکتے ہیں۔ نمائندگی (Proxy) کے موثر ہونے کے لئے لازمی ہے کہ پراکسیز فارم اجلاس سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس کو موصول ہوجائیں۔

(۳) حصص یافتگان پتہ میں تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کے شیئرز رجسٹرار میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ، پہلی منزل، ۴۰۔سی، بلاک ۶، پی ای سی ایچ ایس، کراچی کو آگاہ کریں۔

(۴) سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1، 2000 میں دی گئی اضافی رہنمائی پر بھی عمل کریں۔

(۵) ایس ای سی پی نے واضح حکم دیا ہے کہ تمام لسٹڈ کمپنیز اپنے ڈیویڈنڈ وارنٹ پر وصول کنندہ یا اس کے مجاز نمائندے کا قومی شناختی کارڈ نمبر یا قومی ٹیکس نمبر (کمپنیز کی صورت میں) درج کریں۔ اس سلسلے میں تمام ایسے حصص یافتگان جنہوں نے ابھی تک درکار معلومات نہیں پہنچائی ہیں سے دراخوست کی جاتی ہے کہ اپنے تجدید شدہ قومی شناختی کی نقل اوپر دیئے گئے شیئرز رجسٹرار کے پتے پر جلد از جلد پہنچادیں۔

(۶) نوٹسز برائے قومی شناختی کارڈ کی ترسیل، مالیاتی گوشواروں اور اطلاعی نوٹس برائے اجلاس عام کی برقی ترسیل بذریعہ سی ڈی / ڈی وی ڈی / یو ایس بی / ای میل، منافع کی برقی تقسیم ٹیکس کی کٹوتی بحیثیت فائلر / نان فائلر، وڈیو کانفرنس سہولت فارم برائے سالانہ اجلاسِ عام اور گوشوارہ برائے نمائندگی (Proxy Form) حصص یافتگان کو نوٹس برائے اجلاسِ عام کے ساتھ بھیج دیئے گئے ہیں۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت وضاحتی بیان

مزید آگے بڑھنے کے لئے اور مستقبل کے مقابلوں سے کما حقہ نمٹنے کے لئے ضروری ہے کہ کمپنی اپنی سرگرمیوں کے دائرہ کار کو مزید بڑھائے اور مختلف نئی مصنوعات متعارف کرائے۔ ان مقاصد کی تکمیل کے لئے کمپنی کو مزید سرمائے کی ضرورت ہوسکتی ہے۔ اس وقت کمپنی کا ادا شدہ سرمایہ 61.226 ملین روپے ہے جبکہ مجاز شدہ سرمایہ 100 ملین روپے ہے۔ جس میں مزید بونس یا رائٹ حصص اجراء کرنے کی گنجائش ناکافی ہے۔

مزید آگے بڑھنے کے مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے یہ تجویز دی جاتی ہے کہ مجاز شدہ سرمایہ 100 ملین روپے سے بڑھا کر 400 ملین روپے کردیا جائے جس سے مزید 30,000,000 نئے عمومی شیئر ہر ایک منقسم 10 روپے مالیت وقتاً فوقتاً کمپنی کی ضرورت کے مطابق اجراء کئے جاسکیں گے۔